© rasailojaraid.com



فاضل مؤلف نے مقدمے میں دینی تربیت کے ذریعے جرائم کو روکنے اور اُمت کی اخلاقی حالت کو بہتر بنانے پر زور دیا ہے۔ اس کے علاوہ جرم کی تعریف، سزا اور شریعتِ اسلامیہ میں سزاؤں کی اقسام (تعزیر اور اس کی مقدار) کے تحت تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

باب اول میں رشوت کی تعریف، رشوت کی اقسام اور جرمِ رشوت سے متعلقہ امور، باب دوم میں رشوت کی حرمت، اس جرم کو ثابت کرنے کے طریقے، راشی اور مرتشی اور درمیانی شخص کے لیے تعزیریں، اور باب سوم میں جرم رشوت کے اثرات پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب چہارم میں مؤلف نے حکومتِ سعودیہ عربیہ میں نظامِ انسداد رشوت ستانی کا محاکمہ کیا ہے اور اس نظام کو قرآن وسنت کے مطابق مؤثر بنانے کے لیے تجاویز دی ہیں۔

زیرنظر کتاب میں رشوت بصورتِ ہدیہ وتحفہ پر طویل بحث کی گئی ہے جس کی وجہ شاید یہ ہے کہ سعودی سرزمین پر رشوت کے انداز مختلف ہیں اور ہمارے ہاں کی طرح کی اوپن مارکیٹ نہیں ہے۔ اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ مؤلف نے رشوت کے متعلق قرآن وسنت کے ساتھ ساتھ تمام مذاہب فقہ کے وسیع علمی ذخیرے سے بھی استفادہ کیا ہے اور گروہی عصبیت سے بالاتر ہو کر راجح فیصلے کو دلیل کے ساتھ درج کیا ہے۔ علاوہ ازیں مشکل اور پیچیدہ فقہی مباحث کو آسان اور عام فہم بنانے کی اپنی حد تک کوشش کی ہے۔

کتاب میں عنوانات کے تعیّن اور ضمنی، ذیلی سرخیوں پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔ مجموعی لحاظ سے قابلِ قدر کاوش ہے۔ قانون کے طلبہ، وکلا، علما اور نظامِ حِسبہ کے ذمہ داران اور اہل کاروں کے لیے چراغِ راہ ہے۔ (حمیداللہ خٹک)

## تعارف کتب

☆ **احکامِ دعا اور زادِ مسلم**، ترجمہ وتفہیم: پروفیسر محمد یوسف ضیاء۔ ناشر: الفلاح قرآن اکیڈمی، عزیز آباد، صادق آباد۔ صفحات: ۳۱۱۔ قیمت: ۱۶۰ روپے۔[ دعا کی ضرورت واہمیت اور دعا سے متعلق تمام امور پر ایک اہم اور جامع کتاب۔ چند موضوعات: لفظ دعا کے معانی، دعا کی شرائط، آدابِ دعا، فضیلت کے اوقات، دعا میں ناپسندیدہ کام، وسیلہ پکڑنا، دعا کی بدعات۔ جہاں ضروری ہوا اختلافی نقطۂ نظر بھی دیا گیا ہے۔ آخر میں زادمسلم (دعاؤں کا مجموعہ) شاملِ اشاعت ہے۔ نیز 'مناجاتِ مکہ' اور 'مناجاتِ مدینہ' کے تحت تراویح میں اختتام کے موقع پر عبدالرحمن

© rasailojaraid.com